| سبقی منصوبہ بندی:1 | مضمون:اسلامیات | جماعت:اول | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:2 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: اچّھے اخلاق | باب چہارم: اخلاق و آداب |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اچّھے اخلاق کے متعلق جان سکیں۔
- اپنی عملی زندگی میں اچھے اخلاق کی خصوصیات اپنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں اچّھے اخلاق سے کیا مراد ہے؟ ان کے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ اچّھے اخلاق کے مالک تھے اور ہر ایک سے نہایت نرمی اور شفقت سے پیش آتے تھے۔ آپ خاتم النبیین ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے رحمتہ اللعالمین بنا کر بھیجا یعنی آپ خاتم النبیین ﷺ پرندوں اور جانوروں کے ساتھ بھی اچھا سلوک کرتے تھے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 40 کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اچّھے اخلاق کا دوسرا نام اچھا برتاؤ ہے۔
- تختہ تحریر پر اچّھے اخلاق اور اچّھی عادتیں نمایاں کر کے لکھیں اور طلبہ دو سے تین بار پڑھوائیں۔

**اچّھے اخلاق**

| | |
|---|---|
| • سلام کرنا | • سچ بولنا |
| • صاف ستھرا رہنا | • والدین کا کہا ماننا اور ان کی عزّت کرنا |
| • بڑوں کی عزّت کرنا | • مل بانٹ کر رہنا |
| • بات ماننا | • لڑائی جھگڑے سے پرہیز کرنا |

- طلبہ سے کہیں کہ وہ باری باری اپنی اچّھی عادتیں بتائیں اور اپنے ساتھیوں کی اچّھی عادتیں غور سے سنیں اور انھیں اپنانے کی کوشش کریں۔
- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے ہمیں بہت سی اچّھی باتیں بتائیں ہیں۔ ہمیں اچّھی عادتوں کو اپنانا جبکہ بُری عادتوں کو چھوڑ دینا چاہیے۔ اس طرح ہم اچّھے بچّے کہلائیں گے۔
- انھیں بتائیں اچّھے بچوں سے اللہ تعالیٰ بھی خوش ہوتا ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| پہل | پَ۔ہَل | ابتدا، شروع |
| اجازت | اِ۔جا۔زت | حکم، منظوری |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (2) کا سوال کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔


**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اپنی عادتوں کا جائزہ لیں اور بتائیں آپ میں کون سی اچّھی اور بُری عادات ہیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال: چند اچّھی عادات لکھیں۔

جواب:



| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: اسلامیات | جماعت: اول | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 2 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: اچّھے اخلاق | باب چہارم: اخلاق و آداب |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اچّھے اخلاق کے متعلق جان سکیں۔
- اپنی عملی زندگی میں اچھے اخلاق کی خصوصیات اپنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی خاتم النبیین ﷺ نے ہمیں بہت اچّھی اچّھی باتیں سکھائی ہیں۔ انھی میں سے ایک سچ بولنا ہے۔ طلبہ سے پوچھیں کیا وہ سچ بولتے ہیں؟ ان سے جوابات لیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 40 سے متن کی ایک بار پڑھائی کرائیں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں ہمارے پیارے نبی خاتم النبیین ﷺ ہمیشہ سچ بولتے۔ آپ خاتم النبیین ﷺ کی سچائی اور ایمانداری کی وجہ سے اہلِ مکّہ آپ خاتم النبیین ﷺ کو صادق اور امین کہتے تھے۔
- طلبہ کو نصیحت کریں کہ ہمیشہ سچ بولیں اور جھوٹ سے ہر حال میں پرہیز کریں۔
- روز مرّہ زندگی سے چند مثالوں کے ذریعے سچ بولنے کی تاکید کریں اور عملی مشق کروائیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ اگر آپ سے:

✓ کسی دوست کی کتاب پھٹ جائے۔

✓ چھوٹے بہن یا بھائی کا کھلونا ٹوٹ جائے۔

تو اس صورتحال میں آپ کیا کریں گے؟

- طلبہ سے اس طرح کی عملی مشق کروائیں اور انھیں جھوٹ سے بچنے کی نصیحت کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| معانی | پڑھانے کا طریقہ | مشکل الفاظ |
|---|---|---|
| صداقت، سچائی، صحیح | سَچ | سچ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(1)کا سوال نمبر(5)طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔


**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کتاب میں دی گئی سرگرمی حل کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال: اپنے والدین کی مدد سے کوئی سی پانچ اچھی عادات لکھ کر لائیں۔

جواب:



| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون:اسلامیات | جماعت:اول | تیسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:2 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: اچھّے اخلاق | باب چہارم: اخلاق و آداب |
| --- | --- |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اچھّے اخلاق کے متعلق جان سکیں۔
- اپنی عملی زندگی میں اچھّے اخلاق کی خصوصیات اپنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** **5منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اسلام ایک مکمل دین ہے اور دینِ اسلام نے ہمیں زندگی گزارنے کے بہت سے آداب سکھائے ہیں۔ جن پر عمل کرنے سے ہم اچھّے اخلاق کے حامل بن سکتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** **15منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اچھی عادات میں بڑوں اور والدین کا احترام کرنا اور کہا ماننا بھی شامل ہے۔
- انھیں سمجھائیں ہمارے بڑے ہمیں اچھّی باتیں اور عادات سکھاتے ہیں۔ وہ ہمارا خیال رکھتے ہیں۔ ہماری حفاظت کرتے ہیں۔ لہٰذا ہمیں ان کا ادب کرنا چاہیے۔ اُن سے دھیمے لہجے میں اور نرمی سے بات کرنی چاہیے۔
- بڑوں کے ادب کے حوالے سے انھیں ایک حدیث شریف سنائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کا فرمان ہے:

  ترجمہ: "وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کرے اور بڑوں کی عزّت نہ کرے"۔ (جامع ترمذی:1921)
- انھیں بتائیں بڑوں کے ادب میں اُن کی عزّت کرنا، اُن کے کاموں میں اُن کی مدد کرنا، اُن کی بات ماننا، اُن کو سلام کرنا شامل ہیں۔

- طلبہ سے پوچھیں وہ ان باتوں میں سے کن پر عمل کرتے ہیں؟ ان کے جوابات لیں اور اُنھیں شاباش دیں
- طلبہ کو بتائیں کہ بڑوں کا ادب کرنے سے اللہ تعالیٰ بھی ہم سے خوش ہوتا ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| ادب | اَ۔دَب | تہذیب، تمیز |
| احترام | اِح۔تے۔رام | عزّت |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کہ وہ بڑوں کا ادب کیسے کرتے ہیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اچھّی عادات اپنی کاپی پر خوشخط لکھیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال: ہمیں اپنے والدین اور اساتذہ کرام سے کس طرح بات کرنی چاہیے؟

جواب:

..................................................................................................................

..................................................................................................................

..................................................................................................................

..................................................................................................................

..................................................................................................................

..................................................................................................................

..................................................................................................................

..................................................................................................................

..................................................................................................................